## سوال

(314) میت کے گھر میں ٹینٹ لگوانا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مردے کی تجہیز و تکفین کے بعد میت والے گھر میں جوٹینٹ وغیرہ لگاتے ہیں اور پھر وہاں پر موجود لوگوں کو کھانا وغیرہ ملتا ہے کیا اس کا قرآن وحدیث سے کوئی ثبوت موجود ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مردے کی تجہیز و تکفین کے بعد اہل میت کے ہاں اجتماع کا شرع میں کوئی ثبوت نہیں بلکہ حدیث جریر میں اس کو نوحہ کی قبیل سے شمار کیا گیا۔ عن جریر بن عبداللہ البجلی قال : کنا نري الاجتماع الی اہل المیت وصنعة الطعام من النیاحة صححه الامام البوصیري علی شرط البخاري... ومسلم مصباح الزجاجة (١/٥٣٥) فقہ حنفی کی مشہور کتاب فتح القدیر (2/151) میں ہے '' ھی بدعة قبیحة '' ومال الیه النووي فی شرح المنهاج (٥/٢٩-) ط مکتبة الارشاد مكة.

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

**فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ**

# ج1ص602

محدث فتویٰ